SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IX مجریہ ۲۰۱۰

SINDH ORDINANCE NO.IX OF 2010

سندھ عوامی جائیداد (تجاوزات کو ہٹانا) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۱۰

THE SINDH PUBLIC PROPERTY (REMOVAL OF ENCROACHMENT) (AMENDMENT) ORDINANCE, 2010

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ نمبر V کی دفعہ ۲ اور ۲۶ کی ترمیم

Amendment of Section 2 and 26 of Sindh Act No. XVIII of 2010

سندھ آرڈیننس نمبر IX مجریہ ۲۰۱۰

SINDH ORDINANCE NO.IX OF 2010

سندھ عوامی جائیداد (تجاوزات کو ہٹانا) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۱۰

THE SINDH PUBLIC PROPERTY (REMOVAL OF ENCROACHMENT) (AMENDMENT) ORDINANCE, 2010

[۳دسمبر،۲۰۱۰]

آرڈیننس جس کے توسط سے سندھ عوامی جائیداد (تجاوزات کو ہٹانا) ایکٹ ۲۰۱۰ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ عوامی جائیداد (تجاوزات کو ہٹانا) ایکٹ، ۲۰۱۰ میں ترمیم کرنا مقصود ہے؛

جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے۔

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی

شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ عوامی جائیداد (تجاوزات کو ہٹانا) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۱۰ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ نمبر V کی دفعہ ۲ اور ۲۶ کی ترمیم
Amendment of Section 2 and 26 of Sindh Act No. XVIII of 2010

۲۔ سندھ عوامی جائیداد (تجاوزات کو ہٹانا) ایکٹ، ۲۰۱۰ میں۔

(i) دفعہ ۲، میں شق (o) کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق کا اضافہ کیا جائے گا:-

" (oo) "خصوصی عدالت" سے مراد ذیلی دفعہ ۲۵ کے تحت قائم کی گئی خصوصی عدالت؛"؛

(ii) دفعہ ۲۶ کے لئے، مندرجہ ذیل کو متبادل سمجھا جائے گا:-

"خصوصی عدالت حکومت کی جانب سے مقرر کردہ ریٹائرڈ سیشن جج پر مشتمل ہو گی۔"

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔